
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عائشہ اسمٰعیل

تیسری جماعت کے لئے



ٹیچر کیلئے نوٹ

- جانوروں کو دو بڑے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک وہ جانور جن میں ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے اور دوسرے جن کا جسم بغیر ریڑھ کی ہڈی کے ہوتا ہے۔ Insects یا کیڑے مکوڑے ان میں ہی شمار ہوتے ہیں۔ ان کی زندگی کئی ادوار یا مراحل سے گزرتی ہے۔
- مکمل کیڑے کا جسم تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یعنی سر۔ دھڑ اور پچھلا حصہ (Head- Thorax & abdomen) آنکھیں بڑی اور کئی چھوٹی چھوٹی آنکھوں سے مل کر بنتی ہیں۔ ان کو compound eyes کہتے ہیں۔
- مختلف کیڑوں کی عادتیں مختلف ہوتی ہیں۔ مثلاً: مکھی۔ شہد کی مکھی۔ بھونرا۔ کاکروچ اور تتلی وغیرہ۔
- اس کہانی میں ہم بچوں کو تتلی کے متعلق معلومات فراہم کریں گے۔ پہلے ٹیچر خود اس کتاب کو پڑھ کر اپنی واقفیت مکمل کرلیں۔

## سیشن 1

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کتاب ''چھوٹا کیڑا'' نکالنے کے لئے کہیں اور خود بہت آہستہ آہستہ ایک دفعہ پوری کہانی پڑھ کر سنائیں۔
- اب بچوں سے باری باری پڑھنے کو کہیں۔ پہلے ایک روانی سے پڑھنے والا بچہ پڑھے۔ اس کے بعد نسبتاً کمزور پھر ایک اور اچھا بچہ۔ ٹیچر پڑھائی میں کمزور بچوں کی مدد کریں اور حوصلہ افزائی کریں۔ اس طرح کم سے کم آٹھ بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کا پہلا صفحہ دیکھیں اور پہلی لائن کو پڑھیں۔ اس میں ''میں'' کون ہے؟ (کیٹر پلر)
- کیا انہوں نے کبھی کسی انڈے میں سے زندہ بچہ نکلتے دیکھا ہے؟
  (مثلاً: مرغی کے انڈے سے جب چوزہ نکلتا ہے)۔

20 منٹ

- ٹیچر بچوں سے مختلف کیڑوں کے نام پوچھیں اور بورڈ پر لکھتی جائیں۔ مثلاً: تتلی۔ مکھی۔ مچھر۔ شہد کی

مکھی۔ بھنورا۔ کاکروچ۔ پتنگا۔ ٹڈا (grass hopper) وغیرہ۔ بچے یہ نام اپنی کاپی میں لکھیں۔

- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ان سب کیڑوں کی شکلیں دیکھنے میں مختلف ہیں لیکن تقریباً سب ہی اڑ سکتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے انڈے دیتے ہیں۔ ان کی زندگی ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہے۔
- ان میں سے کچھ کیڑے دن کو چھپے رہتے ہیں اور رات کو باہر نکلتے ہیں۔
- کیا بچے بتا سکتے ہیں کہ کون سے کیڑے زیادہ تر رات کے وقت باہر نکلتے ہیں؟ (مثلاً: کاکروچ۔ پتنگے اور مچھر وغیرہ)۔
- اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کون کون سے کیڑے دن کے وقت نکلتے ہیں؟ (مکھی۔ تتلی۔ ٹڈے وغیرہ)۔
- بچے کوپی میں دو کالم بنائیں اور رات کو نکلنے والے اور دن کو نکلنے والے کیڑوں کے ناموں کی فہرست بنائیں۔

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے سوالات کریں:۔

(۱) تتلی کے انڈے میں سے کیا نکلتا ہے؟ (ایک بہت چھوٹا کیڑا)

(۲) تتلی کی زندگی میں سب سے زیادہ محنت کس نے کی؟ (carterpillar)

(۳) سب سے زیادہ سست زندگی کون گزارتا ہے؟ (پیوپا) (pupa)

(۴) پیوپا جب پھٹتا ہے تو اس میں سے کیا نکلتا ہے؟ (تتلی)

گھر کا کام

- ٹیچر بچوں سی کہیں کہ اگلی کلاس کے لئے تمام بچے اپنے ساتھ ایک سادہ کاغذ کریون (crayons) یا رنگین پنسل لائیں۔ کہانی تصویروں کی زبانی بنائی جائے گی۔
- تتلی کے متعلق جو حقائق جمع کر سکیں وہ جمع کر کے لائیں۔ اس کام میں گھر کے کسی بڑے کی مدد لیں۔

## سیشن 2


15 منٹ

- پہلے ٹیچر چند بچوں سے گھر سے لائی ہوئی معلومات کے بارے میں بات کریں۔ اگر کچھ بچے لکھ کر

لائے ہیں تو ان کے کام میں دلچسپی ظاہر کریں اور ان کا کام جمع کرلیں۔

30 منٹ

- ٹیچر ایک دفعہ کہانی پڑھ کر کلاس میں سنائیں۔ بچے بھی ساتھ میں آہستہ آہستہ پڑھتے جائیں اور تمام تصویریں غور سے دیکھتے رہیں۔
- ٹیچر بورڈ پر لکھیں "تتلی کی کہانی تصویروں کی زبانی"۔ (ٹیچر کو چاہئے کہ وہ بھی ڈرائنگ کی پریکٹس کر کے آئیں۔ اگر ٹیچر کی ڈرائنگ زیادہ بہتر نہ ہو تو ڈرائنگ ٹیچر کی مدد لی جا سکتی ہے۔)
- بچوں سے سفید کاغذ پر ایک کونے میں اپنا نام اور تاریخ لکھنے کو کہیں۔
- اس کے نیچے موٹے الفاظ میں لکھیں "تتلی کی کہانی تصویروں کی زبانی"۔
- اب بچوں سے تتلی کا lifecycle بنوائیں۔
- ٹیچر بچوں سے lifecycle کی مختلف شکلیں الگ الگ بھی بنوائیں۔ مثلاً:
- ایک کٹا ہوا پتہ جو کیٹر پلر کھا چکا ہے اور ایک بڑا سا کیٹر پلر۔
- پیوپا جو پتے کے اوپر بھی ہو سکتا ہے یا کسی پتلی سی ڈنڈی سے بھی چپکا ہوا لٹک سکتا ہے۔



- مکمل تتلی۔
- اب بچے ان تصویروں میں رنگ بھریں۔ ان کے نیچے ہر مرحلے کا نام لکھیں۔
- ٹیچر پورے وقت بچوں کا کام دیکھتی رہیں اور مدد کرتی رہیں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد اچھی تصویروں کو ڈسپلے بورڈ پر لگادیں۔

## سیشن 3

20 منٹ
- کہانی ''چھوٹا کیڑا'' ٹیچر کلاس میں پڑھ کر سنائیں۔
- بچوں سے تیسرا اور چوتھا صفحہ کھولنے کو کہیں۔ بچے تصویروں پر غور کریں۔
- نیچے دیئے ہوئے سوالات ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔

(۱) تصویر میں گلہریاں کیا کر رہی ہیں؟ (گھاس پر کھیل رہی ہیں)
(۲) تتلی کیا کر رہی ہے؟ (پتے پر بیٹھی ہے)
(۳) کیٹر پلر زیادہ کھانا کیوں کھاتا ہے؟ (بڑا ہونے کے لئے)
(۴) پیوپا میں سے کیا نکلتا ہے؟ (نئی تتلی)

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ یہ سوالات بورڈ سے کوپی میں اتاریں۔ ہر سوال کے سامنے یا نیچے جواب کے لئے جگہ چھوڑیں۔
- سوالات بورڈ سے نقل کروانے کے بعد بچوں کو سمجھائیں کہ کیٹر پلر جب انڈے سے نکلتا ہے تو بہت باریک اور چھوٹا سا کیڑا ہوتا ہے۔ پھر وہ جلدی جلدی پتے پھول کھانا شروع کرتا ہے اور سائز میں بڑھتا جاتا ہے۔ ایک خاص حد تک پہنچ کر وہ اپنے اوپر ایک خول بنا لیتا ہے اور بغیر ہلے جلے ایک جگہ پر چپک جاتا ہے۔ اس مرحلے کو پیوپا کہتے ہیں۔ اس کے اندر ایک نئی تتلی جنم لیتی ہے اور خول سے باہر آ کر اڑ جاتی ہے۔

20 منٹ
- زبانی بات چیت کے بعد بچے کاپی میں اتارے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔

| | |
|---|---|
| گھر کا کام<br>5 منٹ | • بچے گھر سے کسی بھی کیڑے کی تصویر بنا کر اس کے مختلف حصوں کے نام لکھ کر اور رنگ بھر کر لائیں۔ نیچے یہ بھی لکھیں کہ اس کیڑے کا خاص کام کیا ہوتا ہے۔ اس کام میں بچے گھر میں کسی بڑے کی مدد لے سکتے ہیں۔ |

## سیشن 4

25 منٹ

• ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ایک مرتبہ پوری کہانی خود پڑھیں۔ پھر چند بچوں سے پڑھوا کر سنیں۔

• کہانی میں سے الفاظ چن کر واحد جمع بورڈ پر لکھیں۔ ٹیچر اس کام میں بچوں کی مدد کریں۔

| واحد | جمع | انگریزی |
|---|---|---|
| پتہ | پتے | leaf |
| ٹہنی | ٹہنیاں | branch |
| چیونٹی | چیونٹیاں | ant |
| گلہری | گلہریاں | squirrel |
| تتلی | تتلیاں | butterfly |

• بچوں سے کہیں کہ یہ الفاظ اسی ترتیب سے کاپی میں اتار لیں۔

20 منٹ

• اب ٹیچر انہی الفاظ کی انگریزی پہلے بچوں سے پوچھیں پھر بورڈ پر لکھیں بعد میں بچے کاپی پر اتاریں۔

گھر کا کام

• ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ میں سے کوئی سے پانچ الفاظ چن کر ان کے جملے گھر سے بنا کر لائیں۔

# سیشن 5

10 منٹ
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ تتلیاں بہت طرح کی ہوتی ہیں۔ ان کے منہ میں ایک خاص طرح کی نلکی ہوتی ہے جب وہ پھول پر بیٹھتی ہیں تو وہ نلکی باہر آ جاتی ہے اور پھول کے اندر سے میٹھا میٹھا رس چوس لیتی ہے۔ تتلیوں کو رنگ برنگے پھول اچھے لگتے ہیں۔ بالخصوص سرخ پھول بہت زیادہ پسند ہیں۔
- کچھ ایسی تتلیاں بھی ہوتی ہیں جو گلے سڑے پھلوں اور مرے ہوئے کیڑے مکوڑوں سے بھی اپنی غذا حاصل کرتی ہیں۔

15 منٹ
- کیا بچے کچھ ایسے کیڑوں کے نام بتا سکتے ہیں جو گلے سڑے پھلوں یا غلاظت پر بیٹھتے ہیں اور وہیں سے غذا حاصل کرتے ہیں۔ (مکھی۔ کاکروچ وغیرہ)۔
- اگر ممکن ہو تو بچوں کو ایسی جگہ لے جائیں جہاں وہ بہت سی تتلیاں دیکھ سکیں۔
- اگر یہ ممکن نہ ہو تو ٹیچر اپنے ساتھ کسی بوتل میں بند کر کے تتلی لا سکتی ہیں۔ بوتل کے ڈھکنے میں سوراخ ضرور کریں۔ ورنہ تتلی مر سکتی ہے۔ بچوں کو دکھا کر اور سمجھا کر ان کے سامنے ہی اس کو دوبارہ اڑا دیں۔
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ تتلی کی اصل جگہ باغ اور کھلی فضا ہی ہوتے ہیں۔
- بچے اپنی کاپی میں ایک تتلی بنائیں اور اس میں اپنی پسند کے رنگ بھریں۔

20 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے کاپیاں نکلوائیں اور کتاب میں سے کچھ مشکل اور کچھ آسان الفاظ چن کر املا کروائیں۔ املا کے لئے یہ الفاظ لئے جا سکتے ہیں۔

منہ۔ مزے۔ فوراً۔ جلدی۔ رینگتی۔

دوسرا۔ دوسری۔ مشکل۔ اردگرد۔ خول۔

- بچے املا مکمل کرنے کے بعد آپس میں کاپی تبدیل کریں اور املا کی جانچ کریں۔
- ٹیچر تمام الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچے ان کو دیکھ کر صحیح اور غلط کا نشان اپنے ساتھی کی کاپی پر لگائیں اور دس (10) میں سے نمبر دیں۔ اس دوران ٹیچر کلاس میں چکر لگاتی رہیں اور جو بچہ کام مکمل کر لے

اس کی کاپی کی جانچ کر کے دستخط کرتی جائیں۔
- صحیح املا لکھنے والے بچوں کو شاباش دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## سیشن 6

15منٹ
- آپ بچوں کو تتلی کے متعلق مختلف تفصیلات بتا چکی ہیں۔ آج کہانی میں دی گئی معلومات مکمل پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو یقیناً یہ تفصیلات بہت دلچسپ لگیں گی۔ اب ان سے کہیں کہ کیا بچے کچھ سوالات پوچھنا چاہیں گے۔
- اگر بچے سوالات پوچھیں تو کتاب کے حوالے سے ان کو جواب دیں۔

10 منٹ
- جب یہ سوال و جواب کا دور ختم ہو جائے تو ٹیچر خود کچھ سوالات سبق میں سے تیار کر کے بچوں سے پوچھیں۔ کوشش کریں کہ ہر بچہ کسی نہ کسی طرح اس سیشن میں شریک ہو۔ اس طرح آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ انہوں نے آپ کی بتائی ہوئی معلومات غور سے سنیں تھیں۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ تصور کریں کہ وہ کسی باغ میں ہیں۔ اب کوپی میں ان سب رنگوں کے نام لکھیں جو انہیں وہاں نظر آ رہے ہوں گے۔
- رنگوں کے نام جہاں تک ہو سکے اسی رنگ کی پنسل سے لکھیں۔ ساتھ میں ان کا انگریزی ترجمہ بھی لکھیں۔

pink orange violet green black brown

yellow red white blue وغیرہ وغیرہ۔

# چھوٹا کیڑا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale